کتاب وسنت پر رکھی گئی ہے۔ انگریزی سکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے مسلمان بچوں کے لئے یہ کتاب ایک اضافی ریڈر کے طور پر بہت مفید ثابت ہوگی۔ اس طرح عام مسلمان بھی اپنے بچوں کو اگر یہ کتاب پڑھا دیں تو نہ صرف انہیں بنیادی اسلامی تعلیمات کا شعور حاصل ہو جائے گا بلکہ ان کی انگریزی بھی بہتر ہو جائے گی۔

(۳)

نام مجلّہ : ریسرچ جرنل (بابت ستمبر ۲۰۰۲ء)

مدیر (اردو سیکشن) : ڈاکٹر دوست محمد

مدیر (انگلش سیکشن) : ڈاکٹر شازیہ بابر

ادارہ : شیخ زاید اسلامک سنٹر یونیورسٹی آف پشاور (پاکستان)

قیمت : 100 روپے + ڈاک خرچ 50 روپے

شیخ زاید اسلامک سنٹر کے ریسرچ جرنل کا یہ شمارہ علمی، ادبی اور تحقیقی مضامین پر مشتمل ایک معیاری مجلّہ ہے۔ اس کے مضامین سنجیدہ، وقیع اور عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق ہیں۔ تمام تحریریں معروف اہلِ علم وقلم دانشوروں کے فکرِ رسا کا نتیجہ ہیں۔ ریسرچ جرنل کی مجلسِ مشاورت ممتاز علمی اور ادبی شخصیات پر مشتمل ہے۔

زیرِ تبصرہ شمارہ میں چار آرٹیکل انگریزی میں اور چار ہی اردو میں ہیں۔ اردو حصہ ۵۲ صفحات پر جبکہ انگریزی حصہ ۱۴۱ صفحات پر مشتمل ہے۔ ممتاز علمی، ادبی اور تعلیمی اداروں کی مطبوعات میں یہ ایک اچھا اضافہ ہے۔ ریسرچ جرنل کے ٹائٹل پر شیخ زاید اسلامک سنٹر کی پُرشکوہ اور خوبصورت عمارت کی تصویر ہے جس کے اوپر ادارے کا مونوگرام بنا ہوا ہے۔

ریسرچ جرنل کی تیاری میں مضبوط سفید کاغذ استعمال کیا گیا ہے جبکہ جلد کارڈ بورڈ کی ہے۔ لکھائی اور چھپائی معیاری ہے، البتہ کمپوزنگ کی غلطیاں کہیں کہیں موجود ہیں۔